فوری ریلیز کے لیے: 2023/4/5 گورنر KATHY HOCHUL

## *گورنر HOCHUL نے پوری نیو یارک ریاست میں 3,100 سستے گھروں کے لیے 875$ ملین کی فنانسنگ کا اعلان کر دیا*

***یہ ایوارڈز ہاؤسنگ سپلائی میں اضافہ کریں گے، اور ایسی سپورٹ سروسز فراہم کریں گے جو بزرگوں، سابق فوجیوں، پسماندہ اور کمزور کمیونٹیز کو آزادانہ انداز سے زندگی گذارنے کی اجازت دیں گے***

***توانائی کی انتہائی بچت کرنے والی عمارتیں ریاست کے کاربن اخراج میں کمی لانے کے اہداف کو مزید مہمیز دیں گی***

***وہ عمارتیں مفت براڈ بینڈ پیش کریں گی تاکہ ڈیجیٹل تقسیم کو کم اور ختم کرنے میں مدد مل سکے***

گورنر Kathy Hochul نے آج 875$ ملین کی فنانسنگ کا اعلان کیا جو بانڈز، ٹیکس کریڈٹ، اور سبسڈیز کے ذریعے دی جا رہی ہے تاکہ پوری ریاست نیو یارک میں 27 نئے منصوبوں میں 3,100 ارزاں، پائیدار اور معاون گھروں کی تعمیر کی جائے یا انکا تحفظ کیا جائے۔ اضافی نجی فنڈنگ اور وسائل کے ساتھ ملا کر، یہ فنڈز حاصل کرنے والے 27 منصوبوں سے مجموعی سرمایہ کاری میں 1.5$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری پیدا ہونے کی توقع ہے۔ یہ ایوارڈز ہر ریجن میں رہائشگاہوں کی فراہمی میں اضافہ کریں گے، مقامی اقتصادی ترقی کی کوششوں میں مدد کریں گے، آن سائٹ خدمات کے ذریعے بے گھری کا مقابلہ کریں گے جو کمزور کمیونٹیز کو محفوظ طریقے سے گھروں میں رکھتے ہیں، ایسے پائیدار فیچرز شامل کریں گے جن سے ریاست کے موحولیاتی اہداف میں پیشرفت ہو سکے، اور ڈیجیٹل تقسیم کو ختم کرنے میں مدد کے لئے مفت براڈ بینڈ پیش کریں گے۔

"میری انتظامیہ یہ امر یقینی بنانے کے لئے پرعزم اور کوشاں ہے کہ نیویارک کے ہر شہری کو ایسی رہائشگاہ تک رسائی حاصل ہو جو ارزاں اور پائیدار بھی ہو اورمعیار زندگی بلند کرنے والی اہم ترین سروسز بھی پیش کرے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ فنڈنگ بالآخر بزرگ شہریوں اور پسماندہ اور کمزور رہائشیوں کے لئے آزادانہ طور پر رہنے والی مزید جگہیں پیدا کرے گی، ایسے اپارٹمنٹس بنائے گی جو نوجوانوں کی دسترس میں ہوں، اور ایسی کمیونٹیز کو بحال کرے گی جہاں کاروبار کامیاب ہوسکتے ہیں اور اپنی افرادی قوت کو بڑھا سکتے ہیں۔ یہ جدید پیشرفتیں ہاؤسنگ کی فراہمی میں اضافہ کرنے اور سب کے لئے زیادہ سستی، زیادہ رہنے کے قابل نیویارک بنانے کی ہماری اسٹریٹجک کوششوں کا مرکزِ نگاہ ہیں۔"

آج اعلان کردہ ایوارڈز گورنر Hochulکے 25 بلین والے جامع ہاؤسنگ پلان کا حصہ ہیں جو ریاست نیو یارک میں 100,000 سستے گھروں کی تعمیر یا انکا تحفظ کرے گا، جن میں 10,000 کمزور اور پسماندہ آبادیوں کے لئے امدادی خدمات کے ساتھ ساتھ اضافی 50,000 گھروں تک بجلی پہنچانے کا کام بھی شامل ہے۔

یہ فنڈنگ New York State Homes and Community Renewal کے کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ پروگرام اور ٹیکس سے مستثنیٰ بانڈ فنانسنگ کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔ ایجنسی کے مارچ 2023 کے بانڈز کے اجراء میں سات پراجیکٹس کو 684$ ملین کی سبسڈی اور ٹیکس سے مستثنیٰ ہاؤسنگ بانڈز دیئے گئے تھے۔ HCR کے ملٹی فیملی فنانس RFP کے ذریعے بیس تعمیراتی منصوبوں کو 191$ ملین سے زیادہ دیے گئے، جو ایسا

مسابقتی عمل ہے جس کے ذریعے وفاقی اور ریاستی کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ اور سستی اور معاون ملٹی فیملی ہاؤسنگ عمارات کے لئے سبسڈی فنانسنگ فراہم کی جاتی ہے۔

یہ تمام منصوبے 2022 میں HCR کی جانب سے قائم کردہ نئے استحکام کے معیارات پر پورا اترتے ہیں جو صحت مند رہائشی ماحول اور انتہائی ارزاں اور قابلِ استطاعت عمارتوں کی تعمیر کو فروغ دیتے ہیں اور نیو یارک اسٹیٹ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے مقرر کردہ اہداف اور معیارات کی پابندی کرتے ہیں۔

ایوارڈ کردہ منصوبوں میں سے نصف سے زیادہ منصوبے نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے Clean Energy Initiative سے مجموعی طور پر 9$ ملین استعمال کریں گے تاکہ پائیداری اور کاربن کے اخراج میں کمی کے اعلی درجات حاصل کیے جا سکیں۔

مزید برآں، یہ تعمیراتی منصوبے اپنے رہائشیوں کو مفت براڈ بینڈ سروسز بھی فراہم کرتی ہیں، جو گورنر کے ConnectALL اقدام کی بنیاد ہے اور جس نے پسماندہ برادریوں میں تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی اور کم آمدنی والے نیویارک باشندوں کے لئے ڈیجیٹل تقسیم ختم کرنے والی تاریخی سرمایہ کاری کی ہے۔

**ریاست نیویارک کے گھروں اینڈ کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ہم نے آج 875$ ملین کی جس فنانسنگ کا اعلان کیا ہے وہ نیویارک کے ہر خطے میں 3,100 سے زیادہ معیاری، ارزاں، ماحولیاتی طور پر پائیدار اپارٹمنٹس فراہم کرے گی جبکہ براڈ بینڈ اور دیگر ضروری سپورٹ سروسز تک رسائی کو بھی وسعت دے گی۔ ہمارے 25$ بلین والے ہاؤسنگ منصوبے کی اصل روح کے مطابق، یہ 27 منصوبے نیو یارک کی ہاؤسنگ سپلائی میں اضافہ بھی کریں گے اور ایسی متحرک، متنوع اور معاشی طور پر مستحکم برادریاں بحی تخلیق کریں گے جہاں آمدنی کی ہر سطح کے حامل افراد رہنے کے متحمل ہو سکیں۔ ہمارے باصلاحیت ترقیاتی شراکت داروں کو ان زندگی تبدیل کرنے والی پیشرفتوں اور ان کی شب و روز محنت کے لئے مبارکباد اور شکریہ۔"

ایوارڈز کی مکمل تفصیل اور وضاحت یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

## دارالحکومتی علاقہ

- **شینیکٹاڈی شہر میں موزائیک اپارٹمنٹس،** DePaul Properties, Inc کی جانب سے دو نئی عمارتوں کی 27$ ملین سے تعمیر۔
- **میننڈس گاؤں میں 35 براڈ وے ویٹرنز ہاؤسنگ منصوبہ جو** .Beacon Community Services, LLC کی جانب سے 67 یونٹس کا 25$ ملین والا نیا تعمیراتی منصوبہ ہے۔

## وسطی نیو یارک

- **سیراکیوز شہر میں کریکسائیڈ لینڈنگ،** جو Housing Visions Consultants, Inc کی جانب سے 52 یونٹس وال 31$ ملین والا ملٹی سائٹ ری ڈیولپمنٹ اور نیا تعمیراتی منصوبہ ہے۔

## فنگر لیکس

- **فیئر پورٹ کے گاؤں میں پائنز آف پیرنٹن،** جو Winn Companies کی جانب سے پانچ تاریخی دو منزلہ عمارتوں کے ساتھ 508 اپارٹمنٹس پر مشتمل HUD Section 236 ملٹی فیملی ہاؤسنگ پراپرٹی کے حصول اور بحالی کے لئے 137$ ملین والا منصوبہ ہے۔
- **روچیسٹر شہر میں سینٹ جوزف پارک میں الٹا وسٹا،** جو 76 یونٹس والا نیا مخلوط آمدنی، مخلوط استعمال کا منصوبہ ہے اور Ibero-American Development Corporation کی جانب سے Rochester Downtown Revitalization Initiative میں 36$ ملین کا ترجیحی منصوبہ ہے۔

- **ہلٹن گاؤں میں لیو سینئر اپارٹمنٹس،** جو 15$ ملین کا ایک نیا تعمیراتی منصوبہ ہے جس میں Episcopal Senior Life اور Providence Housing Development Corporation Communities کی جانب سے معاون اور سینئر ہاؤسنگ کے 40 یونٹس شامل ہیں۔

**لانگ آئیلینڈ**

- **ہیمپسٹیڈ گاؤں میں کارمن پلیس،** جو لانگ آئی لینڈ کی Conifer and Community Development Corporation کی جانب سے 155$ ملین کا ٹرانزٹ اپچ کا حامل اور پیدل چلنے کی سہولیات والا 228 یونٹس کا منصوبہ ہے۔
- **ہیمپسٹیڈ گاؤں میں ایسٹیلا ہاؤسنگ** جو تقریباً 72$ ملین کا توانائی کی بچت کرنے والا 96 یونٹس پر مشتمل ارزاں اور معاون تعمیراتی منصوبہ ہے۔
- **ہیملٹ آف ویانڈانچ میں ایلجیریا نارتھ،** جو لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے قریب 48$ ملین کا 81 یونٹس پر مشتمل نیا تعمیراتی منصوبہ ہے۔ اس کے ڈویلپر D&F Development Group, LLC ہیں۔
- **پاچوگ گاؤں میں دی گروو،** جو GGV Grove Apartments, LLC کی جانب سے 33$ ملین کا 55 یونٹس پر مشتمل نیا تعمیراتی معاون ہاؤسنگ منصوبہ ہے اور جس کے سروس فراہم کنندہ New Ground, Inc ہیں۔

**مڈ ہڈسن کا علاقہ**

- **سٹی آف یانکرز جیمز لنبرگ سینئر اپارٹمنٹس،** جو 47$ ملین کا نیا تعمیراتی منصوبہ ہے اور جس میں میٹرو نارتھ اسٹیشن کے قریب سینئرز کے لئے 94 یونٹس بنائے جا رہے ہیں۔ اس کے ڈویلپر Warburton Avenue Apartments, LLC ہیں۔
- **نیوبرگ شہر میں ایسٹ اینڈ لوفٹس،** جو The Kearney Realty & Development Group Inc. کی جانب سے 23$ ملین کا نیا تعمیراتی منصوبہ ہے جس میں 66 مخلوط استعمال والے یونٹس ہیں اور یہ مخلوط آمدنی والوں کے لئے بنایا جانے والا منصوبہ ہے۔
- **ہیملٹ آف ہائی لینڈ میں سلور گارڈنز،** جو RUPCO, Inc. کی جانب سے کم آمدنی والے بزرگوں کے لئے 57 یونٹس پر مشتمل 20$ ملین کا نیا تعمیراتی معاون رہائشی منصوبہ ہے۔

**موہاک ویلی**

- **یوٹیکا شہر میں یوٹیکا رینیسانس،** جو 101$ ملین کا منصوبہ ہے اور Vecino Group اور Utica Housing Authority کی طرف سے 74 یونٹس پر مشتمل سینئر اور معاون ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ ہے۔
- **گلوورویل شہر میں گلوو سٹی لوفٹس،** جو 75 یونٹس پر مشتمل مخلوط آمدنی، مخلوط استعمال والا 25$ ملین کا ایک منصوبہ اور Parkview Development & Construction, LLC کی جانب سے تعمیر کیا جا رہا ہے۔

**نیو یارک سٹی**

- **بروکلین میں کلارکسن اسٹیٹس،** جو CAMBA Housing Ventures کی جانب سے 238$ ملین کا نیا نو منزلہ 328 یونٹس پر مشتمل منصوبہ ہے۔
- **کوئنز میں سینئر سٹفین ہاؤسنگ،** جو 142$ ملین کا 173-اپارٹمنٹس پر مشتمل 15 منزلہ سینئر ہاؤسنگ منصوبہ ہے جس کی تعمیر Breaking Ground کر رہے ہیں۔
- **مشرقی نیو یارک، بروکلین میں پٹکن ایونیو ریزیڈینس،** جوHousing Works, Inc کا 22$ ملین والا 39 یونٹس پر مشتمل نیا تعمیراتی منصوبہ ہے۔
- **مشرقی ہارلیم، برونکس میں کاسل III،** جو Fortune Society کی جانب سے 82 یونٹس پر مشتمل 53$ ملین والا سستا اور معاون نیا تعمیراتی منصوبہ ہے۔

- **فورڈھم ہائٹس، دی برونکس میں کامونی لائف ٹائبوٹ**، جو **54$ ملین** کا 83 یونٹس پر مشتمل سینئر اور معاون ہاؤسنگ منصوبہ اور جس کی تعمیر Comunilife, Inc کر رہے ہیں۔

**نارتھ کنٹری**

- **ٹوپر جھیل کے گاؤں میں اوول ووڈ ڈش فیکٹری**، جو 39$ ملین کا 80 یونٹس پر مشتمل ارزاں رہائشی کمپلیکس ہے جس میں Housing Visions Consultants, Inc نے تجارتی جگہ دی ہے۔

**جنوبی سلسلہ**

- **باتھ گاؤں میں ڈانا لیون اپارٹمنٹس**، جو Providence Housing Development Corporation کی جانب سے 49 مخلوط استعمال والے یونٹس پر مشتمل 21$ کا منصوبہ ہے۔
- **اتھاکا شہر میں سٹیٹلی اپارٹمنٹس**، جو 30$ ملین کی 57 یونٹس پر مشتمل نئی تعمیر شدہ انفل ہے اور وہ Visum Development Group, LLC اور Arbor Housing and Development کی جانب سے مخلوط استعمال والا تعیراتی منصوبہ ہے۔

**مغربی نیو یارک**

- **بفیلو شہر میں ETC ٹاورز**، جو Beacon Communities اور First Shiloh Baptist Church کی جانب سے 72$ ملین کا 281 یونٹس پر مشتمل بحالی و تحفظ منصوبہ ہے۔
- **بفیلو شہر میں مینہٹن ولیج ایٹ بیسٹ سیلف**، جو .BestSelf Properties, Inc اور BestSelf Behavioral Health کی جانب سے 27$ ملین کا 66 یونٹس پر مشتمل نیا تعمیراتی منصوبہ ہے۔
- **بفیلو شہر میں 875 لافائیٹ**، جو 34$ ملین کا 80 مخلوط آمدنی یونٹس والا منصوبہ ہے جس کی تعمیر .Western New York, Inc کے لئے Belmont Housing Resources کر رہے ہیں۔
- **ہیمبرگ ٹاؤن میں رائلی بروک اپارٹمنٹس**، جو 24$ ملین والا 70 یونٹس پر مشتمل افرادی قوت ہاؤسنگ منصوبہ اور Grove Development اور Southern Tier Environments for Living کے زیر تعمیر ہے۔

**نمائندے Brian Higgins نے کہا**، "سستی زندگی تک رسائی ایک طویل عرصے سے مغربی نیو یارک کے بڑی ضرورت والے خواص میں سے ایک رہی ہے۔ ہمیں موجودہ رہائشی زندگی کو بہتر بنانے اور سب کے لئے سستی رہائش کے نئے مواقع پیدا کرنے کے طریقوں پر غور جاری رکھنا چاہئے۔ یہ منصوبے، جن کا بننا وفاقی کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ کی بدولت بڑے پیمانے پر ممکن ہوا، ان مقاصد کے حصول کی جانب پیشرفت جاری رکھے ہوئے ہیں۔"

**نمائندے Adriano Espaillat نے کہا**، "سستی رہائشگاہیں ہماری برادریوں کی صحت اور استحکام کے لئے بہت اہم ہیں۔ میں ریاست نیو یارک میں سستے گھروں کو یقینی بنانے کے لئے فنڈز کو اس اہم کام کے لئے مختص کرنے پر گورنر Hochul کی معترف ہوں۔ آج کا اعلان اقتصادی ترقی کو فروغ دینے، پائیدار برادریوں کی حمایت کرنے، اور کمزور خاندانوں کو پھلنے پھولنے میں مدد دینے والے ہمارے عزم کو مزید تقویت دے رہا ہے۔"

**نمائندے Joe Morelle نے کہا**، "معیاری، سستی رہائشگاہیں ہر کمیونٹی کی بنیاد ہوتی ہیں، اور ہر شخص کو ایک محفوظ اور مستحکم جگہ رکھنے کا حق حاصل جسے وہ گھر کہہ سکے۔ میں گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے نیو یارک باسیوں کے لئے رہائشگاہوں کے وسیع اختیارات کی حمایت کرنے والے اپنے عزم کا عملی اظہار کیا۔ میں کم آمدنی والے خاندانوں کے لئے مواقع پیدا کرنے کے لئے کام کرنے والی اپنی شراکت داری کو جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

**نمائندے Pat Ryan نے کہا،** "میں وادی ہڈسن میں رہائشگاہوں کو مزید ارزاں بنانے کے لئے روزانہ جدوجہد کرتا رہتا ہوں اور $M40 سے زیادہ کی یہ سرمایہ کاری نیوبرگ اور ہائی لینڈ میں محنتی خاندانوں کے لئے زندگیاں تبدیل کرنے والی ایک خوشخبری ہے۔ اس فنانسنگ کا مطلب یہ ہے کہ سیکڑوں سینئرز اور سابق فوجی آزادانہ طور پر زندگیاں گذار سکیں گے، اور مفت براڈ بینڈ کے لئے اضافی فنڈنگ کے ذریعے وہ کمیونٹی کے فعال ممبر بھی بن جائیں گے۔ میں گورنر Hochul، اور RUPCO اور .The Kearney Realty & Development Group Inc کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں تاکہ پورے خطے میں مکانات کی لاگت کو کم کیا جا سکے۔"

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں